★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیرِ وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 281 بروز جمعرات 9 جولائی 2026ء 23 محرم الحرام 1448ھ.....قیمت 7 روپے (صفحات 8)
کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (خ ن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق ڈی آئی جی پولیس ژوب ریخ محمد کاشف کو نیشنل مینجمنٹ کورس میں شرکت کے لیے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جبکہ ڈی آئی جی ہائی وے پٹرولنگ بلوچستان کوئٹہ سہیل خالد کو ڈی آئی جی پولیس ژوب ریخ تعینات کر دیا گیا اور سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ عبدالمالک کو ایس پی زیارت تعینات کر دیا گیا ہے۔

ہرنائی میں نامعلوم ملزمان نے قومی شاہراہ کے پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (آن لائن) ہرنائی میں نامعلوم ملزمان نے قومی شاہراہ کے پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ہرنائی کے علاقے میں سنجاوی روڈ پر طورخم کے پہاڑی علاقے میں نامعلوم ملزمان نے ایک پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس سے پل کو جزوی نقصان پہنچا پولیس اور سی ٹی ڈی کی ٹیموں نے کارروائی شروع کر دی۔

وزیراعظم شہباز شریف کارواں ہفتے کوئٹہ کے دورے کا امکان

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کارواں ہفتے کوئٹہ کا دورہ کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں، تاہم یہ دورہ سیکیورٹی کلیئرنس سے مشروط ہوگا۔ ذرائع کے مطابق دورہ کوئٹہ کے دوران وزیراعظم کو صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صو (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

حکومت جدید زرعی ٹیکنالوجیز میں 10 ہزار نوجوانوں کو تربیت دینے کا منصوبہ رکھتی ہے، رانا مشہود

اسلام آباد / کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم یوتھ پروگرام (PMYP)، پاکستان پاورٹی ایلیوی ایشن فنڈ (PPAF) اور پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی (AAUR-PMAS) نے پاکستان میں مونگ پھلی کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن، دیہی کاروبار اور موسمیا (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کاروبار دوست ریگولیٹری فریم ورک سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ناگزیر ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ریگولیٹری اداروں کی ذمہ داری صرف قوانین کا نفاذ نہیں بلکہ کاروبار اور سرمایہ کاری کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اور مارکیٹ میں شفاف، منصفانہ اور سازگار کاروباری ماحول کو یقینی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

جنگیں میڈیا کے شور یا سیاسی نعروں سے نہیں بلکہ ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے جیتی جاتی ہیں، گریجویٹنگ افسران دیانت، بے لوث خدمت اور وطن سے غیر متزلزل وابستگی کے اصول اپنائے، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا دورہ

جنگ کی نوعیت بدل چکی، مسلح افواج اپنی حکمت عملی اور صلاحیتوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہی ہیں، آرمی چیف

دشمن ایجنسیوں کے زیر سرپرستی کام کرنے والے پراکسی نیٹ ورکس پاکستان کے امن، استحکام اور معاشی ترقی کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے، نیشنل سیکیورٹی اور وار کورسز میں شریک تینوں مسلح افواج کے افسران سے خطاب

راولپنڈی (آن لائن) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا دورہ کیا اور نیشنل سیکیورٹی اور وار کورسز میں شریک تینوں مسلح افواج کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ کی نوعیت بدل چکی ہے اور پاکستان کی مسلح افواج بھی اپنی حکمتِ عملی اور صلاحیتوں کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھال رہی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسٹریٹجک وضاحت اور ادارہ جاتی پیشہ ورانہ صلاحیت ہی پیچیدہ چیلنجز سے نمٹنے کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی جیسے ادارے مستقبل کی عسکری اور سول قیادت کو ہا ہمرڈ، روایتی اور غیر روایتی خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کر رہے ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان دشمن (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد، چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے گریجویٹ ہونے والے افسران سے خطاب کر رہے ہیں

تین روز میں آپریشنز کے دوران 42 جوان شہید اور 54 دہشتگرد جہنم واصل ہوئے بلوچستان پاکستان کی آن شان اور جان ہے، ترقی دشمنوں سے ہضم نہیں ہو رہی

دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نیچا نہیں دکھا سکتی، افغان رجیم سہولت کاری، بھارت بلوچستان میں دہشتگردی کروا رہا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی پریس بریفنگ

بلوچستان میں بھارت کے حملے کارآمد ہتھیاروں سے کیے جا رہے ہیں

4 روز میں 42 ہلاکتیں، 54 دہشتگرد ہلاک

پاک فوج کے شہدا کی تعداد 42 ہو گئی

ریاست پاکستان کا دہشتگردی کے خلاف موقف بالکل دوٹوک ہے، فتنہ الخوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں کوئی مائی کا لعل پاکستان کو ڈرا دھمکا اور خوفزدہ نہیں کر سکتا، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نیچا نہیں دکھا سکتی۔ بھارت بلوچستان میں دہشتگردی کروا رہا ہے۔ صوبے پاکستان کی آن شان اور جان ہے، صوبے کی ترقی دشمنوں سے ہضم نہیں ہو رہی۔ ریاست کا موقف دہشتگردی کے خلاف دو ٹوک اور واضح ہے، دہشتگردوں کا ہر حد تک پیچھا کریں گے۔ گذشتہ تین روز میں آپریشنز کے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

نجی ہوٹل مالک قتل کیس، 5 ملزمان اسلحہ سمیت گرفتار

ڈی آئی جی کوئٹہ کی پولیس اعلیٰ حکام کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس نے نجی ہوٹل کے مالک کے قتل میں ملوث 5 ملزمان کو 48 گھنٹوں میں گرفتار کر کے آلہ قتل سمیت دیگر اسلحہ اور شواہد قبضے میں لے لئے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے گزشتہ 2 ماہ کے دوران 5 اندھے قتل کے کیسز کا سراغ لگا کر خطرناک ملزمان کو گر (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

دہشت، درخشان کے قریب پولیس اور ایف سی کے عملے نے دہشت گردوں کے عملے کو ناکام بنا دیا

کوئٹہ (آن لائن) دہشت کے علاقے درخشان کے قریب پولیس اور ایف سی کے عملے نے دہشت گردوں کے عملے کو ناکام بنا دیا یا فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

وزیراعظم کی زیر صدارت نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سے متعلق جائزہ اجلاس

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح، سفارتخانوں کو پیرون ملک مواقع تلاش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نوجوانوں کے لیے ملکی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع بڑھانے کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے ہنرمند افرادی قوت کے لیے ملازمتوں کی تلاش، معلومات کی فراہمی اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے عمل کو مزید تیز کریں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

قومی اتحاد و اتفاق سے تمام تخریب کاروں اور دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیں گے، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن میں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بروقت کارروائی اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے: جمال شاہ کاکڑ

حملے ناقابل برداشت، دہشتگرد بلوچستان کا امن سبوتاژ کرنے میں ناکام ہونگے

دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے ہنہ اوڑک میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے مقامی آبادی پر حملے اور زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران پولیس افسران اور اہلکاروں کی شہادت کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات پاکستان کے امن، ترقی اور قومی استحکام کو نقصان پہنچانے کی ایک منظم اور مذموم سازش ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا صوبے کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر اظہار اطمینان

سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے غیر معمولی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کو موثر جواب دیا

بلوچستان پاکستان کی جان اور شان ہے اس کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش کو عوام اور ریاست کے باہمی اتحاد سے ناکام بنایا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پاک فوج، بلوچستان پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاروں کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور فرض شناسی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے اپنے بیان میں کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات پاکستان کے امن، ترقی اور قومی استحکام کو نقصان پہنچانے کی ایک منظم اور مذموم سازش ہیں، تاہم ریاستی ادارے، حکومت اور عوام مکمل اتحاد اور غیر (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

شکاگو، وفاقی وزیر احسن اقبال پاکستانی امریکی کاروباری شخصیات اور سرمایہ کاروں سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کیساتھ جوڈیشل فیلوشپ پروگرام کے شرکا کا گروپ فوٹو

ڈاکٹرز کی پرامن اور آئینی جدوجہد میں وہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں جائز مطالبات ہر فورم پر بھرپور انداز میں اٹھائیں گے

ڈاکٹرز کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، محمود خان اچکزئی

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈاکٹر یاسر اچکزئی کی قیادت میں وفد کی قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے ملاقات

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سپریم کونسل ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈاکٹر یاسر اچکزئی کی قیادت میں وفد نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے محمود خان اچکزئی کو (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اسلام آباد: قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی سے ریوائیو پاکستان کے چیئرمین محمد عمران علی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: ڈی آئی جی کوئٹہ پولیس عمران شوکت، (ایس ایس پی ایس ایس پی آئی ڈبلیو) وسیم گوندل ہاشم نورزئی قتل کیس سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نیٹو اتحاد ٹوٹا تو سلامتی بھی خطرے میں پڑ جائے گی، ترک صدر کا انتباہ

اس لیے ہمیں ہر ایسے اختلاف سے بچنا ہوگا جو نیٹو کے اندر تقسیم یا کمزوری پیدا کرے

انقرہ (آن لائن) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے خبردار کیا ہے کہ نیٹو اتحاد ٹوٹا تو سلامتی بھی خطرے میں پڑ جائے گی،، اس لیے ہمیں ہر ایسے اختلاف سے بچنا ہوگا جو نیٹو کے اندر تقسیم یا کمزوری پیدا کرے۔ نیٹو سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

امریکہ نے ایران پر طاقتور حملوں کا آغاز کر دیا، امریکی سینٹرل کمانڈ کا اعلان

ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز میں تین تجارتی جہازوں پر حملوں کے جواب میں کی گئی

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ نے ایران پر طاقتور حملوں کا آغاز کر دیا امریکی سینٹرل کمانڈ نے منگل کی شام اعلان کیا کہ اس نے ایران پر" طاقتور حملوں کا سلسلہ" شروع کر دیا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق یہ کارروائی ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز میں تین تجارتی جہازوں پر (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

فیفا ورلڈ کپ امریکا اور پرتگال کی ناکامی کے بعد ٹکٹوں کی قیمتوں میں بڑی کمی

فیفا ورلڈ کپ کے کوارٹر فائنل مرحلے سے قبل امریکا اور پرتگال کی ٹورنامنٹ سے رخصتی نے ٹکٹوں کی ثانوی مارکیٹ پر نمایاں (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

کارروائی کے ماسٹر مائنڈز کو فوری طور پر کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور علاقے میں سیکیورٹی کے انتظامات کو مزید سخت کیا جائے

ملک و قوم کی خاطر دی جانے والی ان کی یہ عظیم قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، غزالہ گولہ

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے بلوچستان کے ضلع زیارت میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ نے بلوچستان کے ضلع زیارت میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت اور اظہار تعزیت ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس کے جوان قوم کے ہیرو ہیں۔ ملک و قوم کی خاطر دی جانے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان ریلویز کی 31 حادثات کی انکوائریاں التوا کا شکار، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی نہ ہو سکی

لاہور (آن لائن) پاکستان ریلویز نہ صرف حادثات روکنے میں ناکام رہا بلکہ ان حادثات کی انکوائریاں بھی بروقت مکمل نہ کر سکا۔ اگر بعض انکوائریاں مکمل بھی ہوئیں تو ان پر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

بلوچستان کے ضلع لورالائی اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع لورالائی اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق لورالائی میں 4.4 شدت کا زلزلہ آیا جس کی گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز لورالائی سے 31 کلومیٹر مشرق میں تھا۔ لورالائی میں زلزلے کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

تمام خریداری کا عمل مکمل شفافیت، غیر ضروری تاخیر برداشت نہ کی جائیگی، حنیف عباسی

تمام زیر التوا ٹینڈرز اور پروکیورمنٹ معاملات مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں، وزیر ریلوے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے میں پروکیورمنٹ امور کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بلوچستان میں 54 دہشتگردوں کی ہلاکت، محسن نقوی کا فورسز کی بہادری کو خراج تحسین

بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائی کر کے بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں گزشتہ تین روز کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 54 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

کوہلو کی حاجی پیر محمد زرکون کی واٹر سپلائی مشین کی مرمت مکمل کر کے پینے کے پانی کی فراہمی بحال کر دی گئی

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ایکسین حاجی نیاز احمد بلوچ کی خصوصی ہدایت پر ایس ڈی او غلام باری کی نگرانی اور انتھک کاوشوں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

امن، انصاف اور اپنے آئینی و جمہوری حقوق کے حصول کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی، عبدالقہین اخونزادہ

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر عبدالقہین اخونزادہ، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ اور امیر (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

لاپتہ کارگو طیارے کا ملبہ سمندر سے مل گیا، پاک بحریہ اور پی ایم ایس اے کا سرچ آپریشن جاری

اسلام آباد (آن لائن) نجی کمپنی کے لاپتہ کارگو طیارے کی تلاش کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

امریکہ ایران جنگ بندی میں پاکستان کا اہم سفارتی کردار

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ ایران جنگ بندی میں پاکستان کی ثالثی جبکہ بھارت پر امریکی پابندیوں نے مودی کی خارجہ پالیسی پر سوالات اٹھا دیے۔ امریکی جریدے فارن پالیسی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

وزیراعظم کی زیر صدارت نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سے متعلق جائزہ اجلاس

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح، سفارتخانوں کو پیرون ملک مواقع تلاش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نوجوانوں کے لیے ملکی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع بڑھانے کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے ہنرمند افرادی قوت کے لیے ملازمتوں کی تلاش، معلومات کی فراہمی اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے عمل کو مزید تیز کریں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر کے 37 امیدوار شارٹ لسٹ کے انٹرویوز لیے گئے ہیں، امان اللہ بنگلزئی

وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے سلسلے میں اقدامات جاری ہیں

نصیرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے سلسلے میں اقدامات جاری ہیں۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری بابر خان کی ہدایات کی روشنی میں بی اینڈ آر نصیرآباد میں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر کی سربراہی میں اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر کی آسامیوں کے لیے انٹرویوز منعقد کیے گئے۔ کمیٹی میں ایڈمن آفیسر امان اللہ بنگلزئی، سپرنٹنڈنگ انجینئر زفد احسین کھوسہ، ارسلا خان رند، کمشنر آفس کے سپرنٹنڈنٹ شیر (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

اس سرزمین کے بلوچ، پشتون اقوام برادریاں اکٹھے ہو کر بحرانوں سے نکل سکتے ہیں، لشکری رئیسانی

بلوچستان کو درپیش بحرانوں اور مسائل کا حل یکجہتی، قومی فکر اور اجتماعی جدوجہد سے ممکن ہے

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ہنہ اوڑک میں پیش آنے والا واقعہ بلوچستان میں جاری ظلم، ناانصافی اور دہشتگردی کے لامتناہی واقعات کی کڑی ہے جس کی آخری حد دکھائی نہیں دے رہی، قوم کا سودا کر کے کروڑوں کے عوض

اسلام آباد: وفاقی ریلوے محمد حنیف عباسی دسویں سالانہ آم کے میلے کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی آئینی ذمہ داری ہے، لیکن افسوس کہ صوبے میں نہ شہری محفوظ ہیں، نہ رکن قومی اسمبلی

ہنہ اوڑک واقعات حکومت کی متعلقہ سیکیورٹی اداروں کی سنگین ناکامی کا واضح ثبوت ہیں، خوشحال کاکڑ

نہ ہی دور دراز علاقوں میں تعینات پولیس کو مناسب وسائل، جدید اسلحہ، بروقت کمک اور مؤثر سیکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ہنہ اوڑک، کلی ہیری میں دہشت گردوں کے حملے میں 4 بے گناہ شہریوں کی شہادت، 11 افراد کے لاپتہ ہونے اور ضلع زیارت کے علاقے کچھ مانگی فیڈر تھری میں پولیس پر ہونے والے حملے، جس میں 9 پولیس اہلکار شہید جبکہ متعدد اہلکار تاحال لاپتہ ہیں، ریاست، حکومت اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں کی سنگین ناکا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

ایوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی کی زیر صدارت اپوزیشن جماعتوں کا اہم اجلاس

دہشت گردی کے حالیہ واقعات، شاہراہوں کی بندش، ناکہ بندی اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل برداشت ہے اور ایسے واقعات بلوچستان کے امن، سماجی ہم آہنگی اور استحکام پر حملہ ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں کا اہم اجلاس قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں صوبے میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، دہشت گردی کے حالیہ واقعات، شاہراہوں کی بندش، ناکہ بندی اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں کے پارلیمانی رہنماؤں اور اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتا (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

سعودی سفیر نواف المالکی کی نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات

دونوں رہنماؤں کا مذاکرات اور سفارت کاری کیلئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق

ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور سعودی عرب نے خطے میں امن، استحکام اور سفارت کاری کی حمایت کا اعادہ اور مذاکرات اور سفارت کاری کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا ہے ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سعودی سفیر نواف المالکی کی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسلام آباد معاہمتی یادداشت (ایم او یو) کے بعد کی پیش رفت پر (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: وفاقی ریلوے محمد حنیف عباسی دسویں سالانہ آم کے میلے کا افتتاح کر رہے ہیں

حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام میں ناکام ہو چکی ہے، جمعیت علماء اسلام

صوبے کے عوام کو تحفظ دینے میں ریاست مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے زیارت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین جبکہ ہنہ

روزنامہ
ABC CERTIFIED
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

دہشتگردی کو جڑ سے ختم کر کے دم لیں گے

صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے زیارت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین جبکہ ہنہ اوڑک واقعے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت ہر بے حد افسوس کا اظہار کیا ہے

صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے زیارت میں فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے تحفظ پر معمور پولیس افیسران واہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک عمل ہے امن وامان کی بحالی اور ملکی دفاع کی خاطر پولیس کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جو قابل تحسین عمل ہے انھوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے سیکیورٹی اداروں اور صوبے کے غیور عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے حکومت صوبے میں امن وامان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک تمام ممکنہ اقدامات اور سرگرمیاں پوری طاقت سے جاری رہیں گے

صوبائی مشیر نے کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک کلی بیری میں دہشت گردوں کے حملے کی مذمت آور انسانی جانوں کے ضیاع پر بھی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی، سوگوار لواحقین کے لیے صبر جمیل اور واقعے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے خصوصی دعا کی۔

بقیہ 01

انٹیلی جنس ایجنسیوں کی ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوششوں سے مکمل طور پر آگاہ ہے۔انہوں نے کہا کہ دشمن ایجنسیوں کے زیر سرپرستی کام کرنے والے پراکسی نیٹ ورکس پاکستان کے امن، استحکام اور معاشی ترقی کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سرحد پار سے ہونے والی دہشت گردی کو ریاست پوری قوت سے کچل دے گی اور قوم کی مکمل حمایت سے دہشت گردوں کے ٹھکانے اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ جنگیں میڈیا کے شور یا سیاسی نعروں سے نہیں بلکہ ایمان، اتحاد اور نظم وضبط سے جیتی جاتی ہیں۔انہوں نے پاکستان کی آزمودہ کار مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بلند حوصلے اور آپریشنل تیاری پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔خطاب کے اختتام پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے گریجویٹنگ افسران کو دیانت، بے لوث خدمت اور وطن سے غیر متزلزل وابستگی کے اصول اپنانے کی تلقین کی۔اس موقع پر نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی آمد پر صدر این ڈی یو نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا استقبال کیا۔

بقیہ 02

بتایا بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری ترقی اور مارکیٹ کے اعتماد کو مضبوط بنانے کے لیے کاروبار دوست ریگولیٹری فریم ورک انتہائی ضروری ہے۔یہ بات انہوں نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) میں ادارے کی کارکردگی، کیپٹل مارکیٹ کے فروغ اور مقامی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے کی جانے والی اصلاحات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو، کمشنرز امتیاز حیدر، محمد علی فرید خواجہ، مظفر احمد مرزا اور ذیشان رحمان خٹک سمیت سینئر حکام نے شرکت کی، جبکہ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد اور عمر ایم خان بھی اجلاس میں موجود تھے۔چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے وزیر خزانہ کو ادارے کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران ریکارڈ 18 ہزار 57 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کی گئی، 149 نئی نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کو مختلف خدمات کی فراہمی کے لائسنس جاری کیے گئے، جبکہ سندھ میں تھرڈ پارٹی موٹر انشورنس کے کامیاب نفاذ کے بعد صرف تین ماہ میں اس شعبے میں 1,300 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ رواں سال جنوری سے جون کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 10 ابتدائی عوامی پیشکشیں (آئی پی اوز) ہوئیں، جبکہ اسی عرصے میں 127 ہزار 907 نئے سرمایہ کار مارکیٹ میں شامل ہوئے، جس کے بعد سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 5 لاکھ 83 ہزار 52 سے تجاوز کر گئی۔اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی نے گزشتہ چھ ماہ میں 175 انسپکشن رپورٹس اور 13 تحقیقات مکمل کیں، قوانین اور ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں اور سرکاری اداروں کو 534 شوکاز نوٹسز جاری کیے گئے، جبکہ مالیاتی فراڈ اور غیر قانونی ڈیلرشپ کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں 397 فیصلے کیے گئے اور 2 کروڑ روپے سے زائد جرمانے وقانی خزانے میں جمع کرائے گئے۔وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے سرکاری ملکیتی اداروں میں گورننس بہتر بنانے کے لیے ایس ای سی پی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ وزارتوں کے پرنسپل اکاؤنٹنگ افسران کو عدم تعمیل کے معاملات سے مسلسل آگاہ رکھا جائے تاکہ بروقت اصلاحی اقدامات یقینی بنائے جا سکیں۔انہوں نے کیپٹل رجسٹریشن، لائسنسنگ اور پبلک آفرنگ کے عمل کو مزید آسان بنانے، ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دینے اور انسانی مداخلت کم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے کاروباری سرگرمیوں، نئی لسٹنگز اور سرمایہ کاری کو مزید فروغ ملے گا۔اس موقع پر ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے سرمایہ کاروں کے لیے کے وائے سی کے آئی بی این ہیلپ نظام، سرمایہ کاری کے لیے ''آسان کنکیٹ'' ایپ اور بروکر ریفرل پروگرام سے متعلق بھی وزیر خزانہ کو تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 03

تی تبدیلی سے ہم آہنگ زرعی ترقی کے فروغ کے لیے مشترکہ شراکت داری کا آغاز کر دیا ہے۔اس سلسلے میں ''کلائمیٹ ریزیلینٹ پینٹ ویلیو چین ڈویلپمنٹ فار رورل انٹرپرائز اینڈ اکنامک گروتھ پروجیکٹ'' کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں تینوں اداروں کے درمیان شراکت داری کے معاہدے پر باضابطہ دستخط بھی کیے گئے۔ تقریب میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ پاکستان ہاورٹی ایلیوی ایشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بزنجو نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ شراکت داری زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کے ساتھ ان ممالک کی زبانوں کی تعلیم اور سرٹیفکیشن بھی فراہم کی جائے جہاں پاکستانی افرادی قوت کے لیے روزگار کے وسیع مواقع موجود ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی افرادی قوت بااصلاحیت ہے اور حکومت انہیں بین الاقوامی معیار کی تعلیم، تربیت اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے پاکستانی سفارتخانوں کو ہدایت کی کہ مختلف ممالک میں دستیاب روزگار کے مواقع اور مطلوبہ قابلیت سے متعلق معلومات باقاعدگی سے فراہم کی جائیں۔اجلاس میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈیجیٹل یوتھ ہب میں اب تک آٹھ لاکھ نوجوان رجسٹر ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک تعیرات، زراعت، سیاحت، صحت، ٹرانسپورٹ، بائیوٹیکنالوجی، مینوفیکچرنگ، شپ بلڈنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، نرسنگ، دواسازی اور اشیائے خورونوش کی تیاری سمیت متعدد شعبوں میں روزگار کے وسیع مواقع موجود ہیں، جن کے لیے پاکستانی نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت جاری ہے۔رانا مشہود نے مزید بتایا کہ پاکستانی سفارتخانے مختلف ممالک میں دستیاب روزگار کے مواقع اور ان کے لیے درکار مہارتوں اور قابلیت کی معلومات ڈیجیٹل یوتھ ہب پورٹل پر فراہم کریں گے تاکہ نوجوان بروقت معلومات حاصل کر کے متعلقہ تربیت اور ملازمتوں سے استفادہ کر سکیں۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء ڈاکٹر مصدق ملک، عطاء اللہ تارڑ، چوہدری سالک حسین، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، چیئرمین نیوٹیک راجا قمر الاسلام اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 07

پیش کر کے نہ صرف 15 دہشتگردوں کو عبرت کا نشان بنایا بلکہ پورے علاقے کو ایک بڑی تباہی سے بھی بچایا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہم قومی اتحاد و اتفاق سے تمام تخریب کاروں اور دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے حکومتی کوششوں میں بھرپور تعاون کریں۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے تمام پولیس افسران اور جوانوں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

بقیہ 08

مترنزل عزم کے ساتھ دشمن کے ہر ناپاک منصوبے کو ناکام بنانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے بلوچستان کے امن، ترقی اور عوامی اعتماد کو متزلزل کرنے کی ہر کوشش پہلے بھی ناکام ہوئی ہے اور آئندہ بھی ناکام ہوگی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے غیر معمولی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کو مؤثر جواب دیا اور یہ ثابت کیا کہ پاکستان کے محافظ ہر خطرے سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کے امن اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، جن کی عظیم قربانیاں ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ خاندان اور وابستگان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں اس امر کا واضح ثبوت ہیں کہ ریاست دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور سرپرستوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی کو بھی بلوچستان کے امن، عوام کے مستقبل اور جاری ترقیاتی عمل کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی جان اور شان ہے اور اس کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش کو عوام اور ریاست کے باہمی اتحاد سے ناکام بنایا جائے گا۔ حکومت بلوچستان عوام کے جان ومال کے تحفظ، پائیدار امن کے قیام اور صوبے کی ہمہ جہت ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گرد، ان کے سہولت کار اور سرپرست جہاں کہیں بھی ہوں گے، انہیں قانون کی گرفت میں لا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پوری قوت، قومی یکجہتی اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔

بقیہ 09

دشت کے علاقے درخشان میں ترکمان پوسٹ پر دہشت گردوں نے حملہ کر دیا پولیس اور ایف سی کے جوانوں نے فوری طور پر جوابی کارروائی کی اور مزاحمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

بقیہ 10

فتار کر کے اسلحہ اور ساز وسامان برآمد کر لیا۔ پولیس عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دیتی رہے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اپنے دفتر میں ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ دوست محمد بگٹی اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔اس موقع پر ایس پی صدر ڈویژن شفقت جتوئی، انسپکٹر اسد مندوخیل سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت نے بتایا کہ پولیس امن کی بحالی اور جرائم پر قابو پانے کے لئے اپنی ذمہ داری نبھا رہی ہے 11 روز قبل کوئٹہ کے معروف فٹی ہوٹل کے مالک کے محمد ہاشم نورزئی کو مسلح افراد نے قتل کر دیا اور فرار ہوگئے تھے پولیس نے واقعہ کی تفتیش سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کی جنہوں نے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں اور جدید سائنسی تکنیکی بنیادوں پر سی سی ٹی وی فوٹیج، ڈجیٹل فرانزک کے ذریعے واردات میں استعمال ہونے والی کالی ریوگاڑی کا سراغ لگایا اور 2 موٹر سائیکل سواروں، میر اجان اور دلاور خان کو گرفتار کیا جنہوں نے انکشاف کیا کہ وہ حکمت اللہ نورزئی کی ہدایت پر مقتول کی نقل وحمل اور معمولات زندگی کی ریکی کر رہے تھے اور ملزم حکمت اللہ نورزئی کو گرفتار کیا گیا تو اس نے 16 کروڑ روپے کے تنازعے پر تاجر ہاشم نورزئی کو قتل کا اعتراف کرتے ہوئے بتایا کہ اس کے گن مین جان محمد اور امان اللہ بھی واردات میں شامل تھے۔مرکزی ملزم حکمت اللہ کے قبضے سے آلہ قتل، کلاشنکوف، ایل این جی اور دیگر ایمونیشن کے علاوہ گن مینوں سے 4 رائفلیں بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے گئے۔ ڈی آئی جی نے بتایا کہ ملزم حکمت اللہ نے اپنے بھائی سعد اللہ کے ساتھ مل کر ہاشم نورزئی کے قتل کی منصوبہ بندی کی واردات کے بعد ملزمان اسلحہ اور ایمونیشن شہر سے باہر منتقل کرنا چاہتے تھے جس میں ناکام رہے دوسرے مرکزی ملزم سعد اللہ نورزئی جو تا حال فرار ہے اس کی گرفتاری اور واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی کی برآمدگی کے لئے پولیس نے ٹیمیں تشکیل دی ہے جو کارروائی کر رہی ہے انہوں نے بتایا کہ واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی ملزم حکمت اللہ کے بھائی شمس کے نام پر رجسٹرڈ تھی۔ اور 8 ماہ قبل کاروباری تنازعہ ہوا تھا اور مقتول کی ریکی کرنے والے کچرہ چننے والوں کو بھیس میں کرتے تھے انہوں نے بتایا کہ پولیس نے ٹھوس مکمل شواہد کے بعد ملزمان کو گرفتار کیا ہے اور ہم متاثرہ خاندان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں شواہد کی روشنی میں ملزمان کو عدالت سے سزا دلوائی جائے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ وحدت کالونی کیس پر کام ہو رہا ہے اور میرٹ پر کیس کی تفتیش جاری ہے نواں کلی خاتون تشدد والے کیس پر کارروائی کی جارہی ہے مرکزی ملزم سعد اللہ کے ملک سے باہر فرار ہونے سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ملزم پہلے کراچی گیا ہے وہاں سے تا حال روپوش ہے قانونی طور پر وہ کسی بھی دوسرے ملک نہیں گیا اگر غیر قانونی طور پر ہمسایہ ملک میں گیا تو اسے واپس لائیں گے کیونکہ مقتول اور ملزم کا تعلق ایک ہی قوم سے ہے اور اس میں قبائل کو شامل کر کے اسے واپس لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس حکومت کے احکامات کی روشنی میں اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے حکومتی رٹ قائم کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے گزشتہ دو ماہ کے دوران 5 اہم قتل کے کیسز کا سراغ لگا کر دیگر وارداتوں میں ملوث ملزمان کو قانون کے شکنجے میں جکڑا ہے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اوڑک میں مشترکہ چیک پوسٹ قائم ہو چکی ہے اچھی خبریں آنا شروع ہو جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ دھرنے والوں کو نہیں چھیڑا جائے گا وہ مظلوم ہیں حکومت اور پولیس مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی ہر صورت میں داد رسی کرے گی۔

بقیہ 11

جنگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی جانب سے جاری احتجاجی تحریک، ڈاکٹرز کو درپیش مسائل اور حکومت بلوچستان کے غیر سنجیدہ رویے سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ وفد نے بالخصوص ڈاکٹر مانو ناصر پر ہونے والے افسوسناک تیزاب گردی کے واقعے، اس کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال اور حکومت بلوچستان کی مسلسل خاموشی اور عدم توجہی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ محمود خان اچکزئی نے ڈاکٹر مانو ناصر پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے انسانیت سوز واقعات کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان کی خاموشی اور ذمہ داران کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے بیگ ڈاکٹر زایسوی ایشن بلوچستان کے جائز مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز کے جان ومال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ڈاکٹرز کی پرامن اور آئینی جدوجہد میں وہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے جائز مطالبات ہر فورم پر بھرپور انداز میں اٹھائیں گے۔محمود خان اچکزئی نے حکومت بلوچستان پر زور دیا کہ ڈاکٹرز کے جائز مطالبات کو سنجیدگی سے حل کرے تاکہ صحت کے نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو سکے۔

بقیہ 12

اعلیٰ افسران نے مختلف اعتراضات لگا کر متعلقہ افسران کو بچانے کی کوشش کی، جبکہ قوانین کے مطابق غفلت اور لاپروائی کے مرتکب افسران اور ملازمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے تھی۔ اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2025 سے لے کر 10 جون 2026 تک مجموعی طور پر 31 سے زائد مسافر اور مال بردار ٹرینیں ڈی ریلمنٹ، تصادم، کھڑی گاڑیوں اور ان کے پاور پلانٹ وین میں آگ لگنے جیسے حادثات کا شکار ہوئیں۔ان حادثات کی ابتدائی تحقیقات کے بعد فیڈرل انویسٹی گیشن آفیسرز کی نگرانی میں اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دی گئیں، جنہوں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر مسافروں اور ریلوے ملازمین کے بیانات قلم بند کیے، شواہد اکٹھے کیے اور تفصیلی رپورٹس تیار کر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلویز، چیئرمین ریلوے اور وفاقی وزیر ریلوے کو ارسال کیں۔ تاہم ایک سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ان انکوائریوں میں غفلت کے مرتکب افسران اور اہلکاروں کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق رواں سال کے علاوہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران پیش آنے والے متعدد حادثات کی انکوائریاں بھی مکمل ہو چکی ہیں، مگر ان میں سے بیشتر پر اعتراضات لگا کر دوبارہ تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔دوبارہ انکوائریاں مکمل ہونے کے باوجود بھی ذمہ داروں کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی۔ دستاویزات کے مطابق مئی 2025 سے 10 جون 2026 تک کراچی ڈویژن میں پیش آنے والے حادثات کی 12، سکھر ڈویژن کی 11، لاہور ڈویژن کی 2، راولپنڈی ڈویژن کی 4 جبکہ پشاور اور کوئٹہ ڈویژن کی ایک، ایک انکوائری تاحال التوا کا شکار ہے۔ تحقیقاتی ٹیموں نے اپنی رپورٹس میں حادثات کی متعدد وجوہات کی نشاندہی کی ہے، جن میں عوام کی جانب سے پھاٹک موجود ہونے کے باوجود ریلوے کراسنگ عبور کرنا، رونگ اسٹاک (بوگیوں اور دیگر ریلوے آلات) کا ناقص اور خستہ حال ہونا، ریلوے انفراسٹرکچر کی بوسیدہ حالت، بجٹ میں ناکافی فنڈز، ریلوے ٹریک اور دیگر تنصیبات کے اطراف رہائشی و تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ، ملازمین کی نااہلی، بدانتظامی، روایتی غفلت اور دہشت گردی کے واقعات شامل ہیں۔اس حوالے سے جب ترجمان وزارت ریلوے سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ ''انکوائریاں ابھی جاری ہیں، جیسے ہی مکمل ہوں گی، میڈیا کو آگاہ کر دیا جائے گا۔''

بقیہ 13

اتحاد کے تمام رکن ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ باہمی یکجہتی کو برقرار رکھیں، کیونکہ مضبوط اتحاد ہی اجتماعی سلامتی کی بنیاد ہے۔صدر اردوان نے اپنے خطاب میں کہا کہ نیٹو اتحادیوں کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق یورپ اور عثمانی اوقیانوس کے دونوں جانب موجود اتحادی ممالک کے تعلقات کو نقصان پہنچانے والی کسی بھی بات سے گریز کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اتحاد کا براہِ راست تعلق سلامتی سے ہے، اس لیے ہمیں ہر ایسے اختلاف سے بچنا ہوگا جو نیٹو کے اندر تقسیم یا کمزوری پیدا کرے۔ترک صدر نے امید ظاہر کی کہ الفرقہ میں ہونے والا نیٹو سربراہی اجلاس عالمی امن، استحکام اور رکن ممالک کے درمیان مزید تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔اجلاس کے دوسرے روز صدر اردوان اور نیٹو کے سیکریٹری جنرل مارک روٹے نے مختلف ممالک کے سربراہان اور وفود کا خیر مقدم کیا۔عالمی رہنما اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچے تو ان کا استقبال کیا گیا، جس کے بعد روایتی مصافحے اور گروپ تصاویر کا سلسلہ بھی جاری رہا۔نیٹو اجلاس میں اتحاد کو درپیش خطرات، عالمی سلامتی، یوکرین کی صورتحال اور مستقبل کی دفاعی حکمت عملی سمیت متعدد اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔ترک ایوانِ صدر کے مطابق صدر اردوان اجلاس کے موقع پر کئی عالمی رہنماں سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے، جن میں علاقائی سلامتی، دفاعی تعاون اور باہمی تعلقات پر گفتگو متوقع ہے۔واضح رہے کہ ترکیہ 1952 سے نیٹو کا رکن ہے اور گزشتہ سات دہائیوں سے اتحاد کا ایک اہم حصہ چلا آ رہا ہے۔

بقیہ 14

حملوں کے جواب میں ٹی ٹی۔امریکہ کا کہنا ہے کہ پہلے حملے ان آئل ٹینکروں پر کیے گئے تھے جو آبنائے ہرمز سے اس راستے کے ذریعے گزر رہے تھے جس کے استعمال سے ایران پہلے ہی خبردار کر چکا تھا۔جبکہ ایران نے ان حملوں کی براہِ راست ذمہ داری قبول نہیں کی، تاہم ایرانی سرکاری ٹی وی کا کہنا ہے کہ کم از کم ایک جہاز نے ایرانی فورسز کی وارننگ کو نظر انداز کیا تھا امریکی محکمہ خزانہ نے منگل کو وہ رعایت بھی ختم کر دی جس کے تحت ایران کو تیل اور پیٹرولیم کیمیکل مصنوعات فروخت کرنے کی اجازت حاصل تھی۔اس فیصلے کے بعد ایران ایک اہم مالی آمدنی کے ذریعے سے محروم ہو جائے گا، جو حالیہ مذاکرات کے دوران طے پانے والے انتظامات کا حصہ تھا۔ایران کے وزیر خارجہ نے منگل کو کہا کہ جب تک امریکہ دھمکی آمیز زبان استعمال کرتا رہے گا، تہران مذاکرات دوبارہ شروع نہیں کرے گا۔یہ بیان صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے بعد سامنے آیا جس میں انہوں نے کہا تھا ''اگر امن معاہدہ نہ ہوا تو ہم بہت کام مکمل کر دیں گے۔''

بقیہ 15

اٹر ڈالا ہے جہاں کئی اہم پلوں کے کھمبوں کی بجلیاں نصف سے بھی کم ہو گئی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس اجلاس میں جمعہ کو ہونے والے کوارٹر فائنل کے سب سے سستے ٹکٹ کی قیمت تقریباً 2950 ڈالر سے کم ہو کر 1200 ڈالر رہ گئی ہے۔ قیمتوں میں یہ کمی اس وقت سامنے آئی جب امریکی کنگز کے ہاتھوں شکست کھا کر باہر ہو گیا جبکہ اسپین نے پرتگال کو ہرایا جس کے ساتھ ہی کرسٹیانو رونالڈو کا ورلڈ کپ سفر بھی اختتام پذیر ہو گیا۔ماہرین کے مطابق اگر امریکا اور پرتگال آمنے سامنے آتے تو اس میچ کے ٹکٹوں کی طلب اور قیمت کہیں زیادہ ہوتی۔دوسری جانب فرانس اور مراکش کے درمیان کوارٹر فائنل اس مرحلے کا نسبتاً سستا مقابلہ قرار دیا جا رہا ہے، جہاں ابتدائی ٹکٹ تقریباً 989 ڈالر میں دستیاب ہیں۔ادھر 19 جولائی کو نیو جرسی میں ہونے والے ورلڈ کپ فائنل کے ٹکٹوں کی ابتدائی قیمت 9346 ڈالر تک پہنچ چکی ہے تاہم فائنل میں پہنچنے والی ٹیموں کے مطابق اس میں مزید اتار چڑھاؤ متوقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چند روز کے دوران کوارٹر فائنل ٹکٹوں کی اوسط قیمت میں نمایاں کمی جبکہ فروخت کے لیے دستیاب ٹکٹوں کی تعداد میں واضح اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 16

والی ان کی یہ عظیم قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ دشمن عناصر اور اس بزدلانہ کارروائی کے ماسٹر مائنڈز کو فوری طور پر کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور علاقے میں سیکیورٹی کے انتظامات کو مزید سخت کیا جائے۔انہوں نے حملے میں شہید ہونے والوں کی مغفرت کے لیے دعا کی اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 17

ورود ظلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔زلزلے سے فی الحال کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 18

کی۔ اجلاس کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر پیناٹامس سی پروگرام نے اسلام آباد میں پیناٹامس سی کی اسکریننگ کے پائلٹ مرحلے پر پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اسلام آباد میں پائلٹ مرحلہ شروع کرنے کا مقصد نظام میں عملی طور پر موجود مسائل کی نشاندہی کرنا تھا، تاکہ ان کے مؤثر حل نکال کر آئندہ 15 دنوں میں پورے نظام کو مکمل طور پر مستحکم کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ پیناٹامس سی کے کیریئرز کی بروقت نشاندہی اور علاج سے بیماری کے پھیلاؤ کو مؤثر انداز میں روکا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں پیناٹامس سی کے تقریباً ایک کروڑ سے زائد مریض موجود ہیں، جس کے خاتمے کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پیناٹامس سی کا خاتمہ ہماری ینشنل کاز ہے اور وزیراعظم پیناٹامس سی پروگرام حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان کو پیناٹامس فری ملک بنانا ہمارا قومی عزم ہے۔ یہ صرف ایک پروگرام نہیں بلکہ قوم کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی ایک مہم ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ اسلام آباد میں پیناٹامس سی پروگرام کی کامیابی میں پمز اور پولی کلینک ہسپتال کا کردار انتہائی اہم ہوگا۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوامی آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ ہر شہری اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اپنا ٹیسٹ کروائے۔انہوں نے کہا کہ پیناٹامس سی ایک قابل علاج بیماری ہے اور بروقت تشخیص اور علاج کے ذریعے نہ صرف مریضوں کی زندگیاں بچائی جاسکتی ہیں بلکہ بیماری کے پھیلاؤ کو بھی روکا جا سکتا ہے۔ اس بیماری کا خاتمہ صرف حکومت کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مصطفیٰ کمال نے اسلام آباد کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس قومی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت شہریوں کو مفت اسکریننگ اور مفت علاج کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، جبکہ جن افراد میں پیناٹامس سی کی تشخیص ہوگی، ریاست ان کا مکمل مفت علاج کرے گی۔

بقیہ 19

ژک اور زیارت میں ہونے والے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔شرکاء نے ان واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی، لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ناقابل برداشت ہے اور ایسے واقعات بلوچستان کے امن، سماجی ہم آہنگی اور استحکام پر حملہ ہیں۔اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا کہ بلوچستان میں امن ومان کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے اور موجودہ حالات انتہائی تشویشناک حد تک پہنچ چکے ہیں۔ صوبے کا شاید ہی کوئی ضلع یا شاہراہ ایسی ہو جہاں عوام خود کو مکمل طور پر محفوظ تصور کرتے ہوں۔ شہریوں کی جان و مال کو مسلسل خطرات لاحق ہیں جبکہ روزانہ کی بنیاد پر قومی شاہراہوں کی بندش، مختلف مقامات پر ناکہ بندی، مسافروں کو گھنٹو

بقیہ 01

متعلقہ اداروں کی آپسی ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جانے چاہئیں تاہم انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کو بلوچستان اور ملک کا امن برباد کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ اپنی استعداد کو مزید بڑھانے اور دہشت گردوں کے خلاف آخری سانس تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور وفاقی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ملک دشمن عناصر کا مقابلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے خلاف افواجِ پاکستان اور قوم کی آہنی جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی سازش کو ناکام بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بھرپور قربانیاں دے کر امن حاصل کیا ہے اور ہم کسی کو بھی اس امن کو برباد کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہم ہر قسم کی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے اور ہر قسم کی دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے۔ ہم اپنے بچوں کے لیے امن چاہتے ہیں اور ہم اپنے بچوں کے لیے ایک محفوظ پاکستان چھوڑ کر جائیں گے۔ ہم اپنے بچوں کے لیے ایک محفوظ بلوچستان چھوڑ کر جائیں گے۔ ہم اپنے بچوں کے لیے ایک محفوظ خیبر پختونخوا چھوڑ کر جائیں گے۔ ہم اپنے بچوں کے لیے ایک محفوظ سندھ اور پنجاب چھوڑ کر جائیں گے۔ ہم اپنے بچوں کے لیے ایک محفوظ گلگت بلتستان اور اس افغانستان کے بارڈر تک محفوظ پاکستان چھوڑ کر جائیں گے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس ذمہ داری سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

اگر کسی ایک سال کا ریکارڈ دستیاب نہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ تمام متعلقہ افراد کو سزا دی جائے، غلام دستگیر بادینی

پی سی بی بلوچستان کا اجلاس، بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے اسپیشل آڈٹ کا تفصیلی جائزہ

اجلاس میں کمیٹی کے اراکین محمد خان لہڑی، غلام دستگیر بادینی، عبیداللہ گورگیج، فضل قادر مندوخیل، صفیہ بی بی اور زاہد علی ریکی کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے کی۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین محمد خان لہڑی، غلام دستگیر بادینی، عبیداللہ گورگیج، فضل قادر مندوخیل، صفیہ بی بی اور زاہد علی ریکی نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے اسپیشل آڈٹ اور اس پر Compliance کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈائر (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق ایم پی اے عبدالمجید خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

مون سون بارش، حکمت عملی وضع کرنے کے حوالے سے اجلاس

ضلعی انتظامیہ اور فلاحی اداروں کے مابین مضبوط کوآرڈینیشن ناگزیر ہے

اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کی

لسبیلہ (خ ن) ضلع لسبیلہ میں مون سون اور ممکنہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی وضع کرنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کی۔ اجلاس میں سرکاری محکموں، ضلع بھر میں سرگرم عمل فلاحی تنظیموں این جی اوز UNWFP آزاد فاؤنڈیشن کی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

عزیز اللہ کاکڑ کا چمن شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی گیس کی دکانوں کا دورہ

عوام کو مناسب قیمت پر ایل پی جی کی فراہمی یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، گفتگو

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن عزیز اللہ کاکڑ نے چمن شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی گیس کی دکانوں کا دورہ کیا اور گیس کی دستیابی، سرکاری نرخوں پر فروخت اور مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ ایل پی جی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

نال اور گردونواح میں ترقیاتی کام

سست روی کا شکار

نال (آن لائن) نال اور گردونواح میں ترقیاتی کام سست روی کا شکار، رفتار تیز کرنے کی ضرورت ہے نال اور اس کے گرد و نواح میں جاری متعدد ترقیاتی منصوبے سست روی کا شکار ہیں، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کئی منصوبے طویل عرصے سے نا (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

موسیٰ خیل، ماں والدین کے حوالے سے آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد

ایک صحت مند، مضبوط اور روشن نسل کی تعمیر کو یقینی بنایا جا سکتا ہے، ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی

موسیٰ خیل (خ ن) ماں والدین کے حوالے سے آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد، بچوں کی بہتر پرورش اور غذائیت پر زور محکمہ صحت ڈائریکٹوریٹ آف نیوٹریشن بلوچستان اور یونیسیف کے تعاون سے ماں والدین کے سلسلے میں ایم سی ایچ ہال، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس موسیٰ خیل میں ایک آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کا مقصد والدین میں بچوں کی بہتر پرورش، متوازن غذائیت، ماں اور بچے کی صحت، اور ابتدائی عمر میں مناسب نگہداشت کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا سیمینار میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ای (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

حکومت اپنی سیکیورٹی کے حصار میں بیٹھی ہے، سینیٹر مولانا واسع

جامعہ امدادیہ کوئٹہ کے قریب بم دھماکے میں معصوم طلبہ کی شہادت پر جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر کا شدید ردعمل

دہشتگردی کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح بنائے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے، ورنہ تاریخ اس سنگین غفلت کو کبھی معاف نہیں کریگی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جامعہ امدادیہ کوئٹہ کے قریب بم دھماکے میں معصوم طلبہ کی شہادت پر شدید رنج و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم طلبہ کا خون حکومت کی بدترین ناکامی، بے حسی اور امن و امان کی ابتر صورتحال کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی حکومت سے تحفظ کی توقع عبث ہے جو عوام، مساجد، مدارس اور تعلیمی اداروں کے جان و (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیچ سے گورنمنٹ انٹر کالج ناصر آباد کے طلبہ کے نمائندہ وفد کی ملاقات

کالج کو درپیش دیگر بنیادی ضروریات اور سہولیات کی فراہمی کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں گے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے گورنمنٹ انٹر کالج ناصر آباد کے طلبہ کے ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور کالج کو درپیش مختلف مسائل، خصوصاً کئی ماہ سے تعطل کا شکار تعمیراتی منصوبے سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا۔ طلبہ نے بتایا کہ کالج کی عمارت کا تعمیراتی کام کئی ماہ سے رکا ہوا ہے جبکہ متعلقہ ٹھیکیدار بھی منظر عام سے غائب ہے، جس کے باعث طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے طلبہ کی شکایات کا فوری نوٹس (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

خضدار میں میر شفیق مینگل کی رہائش گاہ کے قریب دھماکے، شدید فائرنگ کی اطلاعات

خضدار (آن لائن) خضدار میں میر شفیق مینگل کی رہائش گاہ کے قریب دھماکے، شدید فائرنگ کی اطلاعات خضدار شہر میں معروف قبائلی و سیاسی شخصیت میر شفیق (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

مجھے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملنے نہیں دیا جا رہا ہے، سراج احمد

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے رہائشی سراج احمد نے کہا ہے کہ میرا ذاتی مسئلہ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے بیان کرنا چاہتا ہوں میں نے سی ایم سیکرٹریٹ کے کئی چکر لگائے لیکن ان سے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

فنی تربیت، رہنمائی اور مالی معاونت دی جا رہی ہے، سیکرٹری انڈسٹریز

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کے رائز (RISE) پروگرام کے تحت ضلع خاران، واشک اور پنجگور کے 60 مستحق گھرانوں میں روزگار کے لیے کاروباری اثاثہ جات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس اقدام کا مقصد مستحق خاندانوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا، غربت میں کمی لانا اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانا ہے۔ تقریب میں سیکریٹری انڈسٹریز اینڈ کامرس حکومت بلوچستان محمد خالد سربراہ مہمان خصوصی تھے، جبکہ کمشنر خضدار ڈویژن، (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ہنہ اوڑک اور زیارت کے واقعات باعث تشویش ہے، جمعیت (س)

لوگ دو وقت کی روٹی کے محتاج ہونے کے ساتھ ساتھ اب ان کی جانیں بھی محفوظ نہیں ہے، مولانا محمد شفیق دولتزئی

صوبے میں کسی کی جان و مال محفوظ نہیں ہر طرف افراتفری اور بے یقینی کی صورتحال نے لوگوں کو تشویش میں مبتلا کر رکھا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے ہنہ اوڑک اور زیارت کے افسوسناک واقعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کا قیام حکومت وقت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اگر اہلکاروں کی شہادت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہنہ اوڑک کے شہداء کا خون خشک نہیں ہوا کہ عوام کے جذبات میں کوئی کمی آئی ہے لوگ اپنے شہداء کے غم میں ڈوبی ہوئی ہے۔ زیارت میں دہشت گردوں نے المناک اور دردناک قتل عام کر کے پولیس اہلکاروں کو (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ہرنائی، غازی جوان ملک سیف اللہ خان عبدالانی کو مسلح افراد نے بے دردی سے فائرنگ کر کے شہید کر دیا

ہرنائی (آن لائن) گزشتہ شب ضلع ہرنائی کے سرحدی علاقے زیارت کچ میں نامعلوم مسلح افراد کے ساتھ فائرنگ کے شدید تبادلے کے بعد اغوا کیے جانے والے انٹی ٹیررسٹ فورس (ATF) کے غازی جوان ملک سیف اللہ خان عبدالانی کو مسلح افراد نے بے دردی سے فائر (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ادارہ جاتی ترقی کے اپنے عزم پر قائم ہے، مقررین

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے زیر اہتمام افسران اور اہلکاروں کا تربیتی پروگرام کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے زیر اہتمام افسران اور اہلکاروں کا تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔ جہاں شرکا کو اسٹیج پر اپنی ابتدائی کارکردگی اور سیکھنے کے نتائج پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ اس جدید تربیتی پروگرام کا مقصد افسران اور اہلکاروں کو تحقیق پر مبنی جدید طریقہ کار، جدید ڈیٹا بیس مینجمنٹ، اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ اپنے فرائض مزید موثر انداز میں انجام دے سکیں۔ تربیت کے دوران حاصل ہونے والی جدید معلومات اور تکنیکی مہارتوں کو عملی فیلڈ آپریشنز میں بروئے کار لا کر نہ صرف (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ڈاکٹر ماہ نور کو انصاف دلانے کے سلسلے میں مختلف سرکاری ہسپتالوں میں بھرپور موبلائزیشن

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان اور پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کی جانب سے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور نئے کھمبے نصب کئے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبریٰ یسین کا ماہانہ مینٹوئنٹ فنڈ جاری کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبریٰ یسین کا ماہانہ مینٹوئنٹ فنڈ جاری کروا دیا گیا مزید یہ کہ بقایاجات کی مد میں بھی 2?30000 روپے ادا کروا دیے گئے۔ درخواست گزار کبریٰ یسین نے بتایا کہ انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

میرا چھوٹا بھائی دو ہفتہ قبل گھر سے پکنک کیلئے گیا تا حال واپس نہیں آیا ہے، مرتضیٰ

اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے رہا تو اور میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) سیٹلائٹ ٹاؤن لوہٹر کاریز کوئٹہ کے رہائشی مرتضیٰ نے کہا ہے کہ میرا چھوٹا بھائی دو ہفتہ قبل گھر سے پکنک کے لئے گیا تا حال واپس نہیں آیا ہے اس سے رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن کوئی معلوم نہیں ہو سکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے رہا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

دہشت گردی کے خاتمے کی جنگ میں پوری قوم اپنی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سردار سرفراز بلند

عناصر اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی اور مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے شہریوں اور فورسز کو نشانہ بنا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سرفراز بلند جوگیزئی نے زیارت اور کوئٹہ میں دہشت گردوں کے حملے میں معصوم اور بے گناہ شہریوں اور پولیس اہلکاروں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی اور مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے شہریوں اور فورسز کو نشانہ بنا رہے ہیں بلوچستان سے دہشت (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر کے زیر صدارت سرکاری ملازمین کے عمر درستگی کے حوالے سے اجلاس

سرکاری ملازمین کے مسائل فوری حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، منیر احمد درانی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کے زیر صدارت سرکاری ملازمین کے عمر درستگی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ پولیس محکمہ تعلیم محکمہ بی اینڈ آر محکمہ صحت محکمہ لائیو اسٹاک کے ملازمین کے کیسز کی جانچ پڑتال کی گئی۔ ان محکموں کے مجموعی طور پر 22 کیسز دیکھے گئے۔ سرکاری ملازمین کے قومی شناختی کارڈ سروس بک تنخواہ سلپ اور تعلیمی (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

صوبے میں امن و امان کا قیام حکومت وقت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جے ڈبلیو پی

دہشت گرد عناصر کو بلوچستان اور ملک کا امن یرغمال بنانے کی ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی ہے، نور اللہ وطن دوست

عوام کے حقیقی نمائندے موجود ہوتے تو حالات اس قدر خراب نہ ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ اغوا کیے گئے افراد کی محفوظ بازیابی (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

مون سون بارش، حکمت عملی وضع کرنے کے حوالے سے اجلاس

ضلعی انتظامیہ اور فلاحی اداروں کے مابین مضبوط کوآرڈینیشن ناگزیر ہے

اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کی

لسبیلہ (خ ن) ضلع لسبیلہ میں مون سون اور ممکنہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی وضع کرنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کی۔ اجلاس میں سرکاری محکموں، ضلع بھر میں سرگرم عمل فلاحی تنظیموں این جی اوز UNWFP آزاد فاؤنڈیشن کی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

عزیز اللہ کاکڑ کا چمن شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی گیس کی دکانوں کا دورہ

عوام کو مناسب قیمت پر ایل پی جی کی فراہمی یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، گفتگو

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن عزیز اللہ کاکڑ نے چمن شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی گیس کی دکانوں کا دورہ کیا اور گیس کی دستیابی، سرکاری نرخوں پر فروخت اور مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ ایل پی جی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

ٹرمپ اور اردوان کی ملاقات، ٹرمپ کے 5 دعوے جھوٹے نکلے

انقرہ (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے منگل کے روز نیٹو اجلاس سے قبل ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کوئٹہ: ایک بوڑھا غبارے بیچنے والا گرمی دن میں چہل قدمی کے بعد آرام کر رہا ہے

عوام کے ایشوز پر کھل کر کوئی نہیں بھولے گا، ایچ ڈی پی

پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

بابر خان کے زیر نگرانی روزانہ کی بنیاد پر ڈی ایس سی کا انعقاد کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں زیارت سانحہ کے دوران اغوا ہونے والے پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ روز مسلح حملہ آوروں نے جس بربریت اور دہشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے کئی پولیس اہلکاروں کو شہید کر کے بڑی تعداد میں دیگر اہلکاروں کو اغوا کر کے لے گئے تھے جنہیں اس دوران شہید کر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ناکامی کا پیغام دیا گیا دراین اثنا پارٹی کے ایک وفد نے نائب چیئرمین مرزا حسین ہزارہ کی قیادت میں ہنہ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

بابر خان کی زیر صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا اہم اجلاس

کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

بابر خان کے زیر نگرانی روزانہ کی بنیاد پر ڈی ایس سی کا انعقاد کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس ضلع پشین ضلع برشور ضلع قلعہ عبداللہ اور کوہ سٹی میں محکمہ کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کے خصوصی ہدایات اور سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کے زیر نگرانی روزانہ کی بنیاد پر ڈی ایس سی کا انعقاد کیا جا رہا ہے تا کہ صوبے ان اسکیموں کو جلد از جلد شروع کیا جائے اجلاس میں چیف انجینئر کوئٹہ زو (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بڑھتی ہوئی دہشت گردی انتہائی تشویشناک ہے، غفار کاکڑ

زیارت کچ میں 15 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات غفار خان کاکڑ نے زیارت میں دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں 15 بہادر پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اندوہناک سانحہ پوری قوم کے لیے باعث صدمہ ہے۔ وطن کے دفاع، امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا پوری قوم کا فخر ہیں، جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

خضدار میں میر شفیق مینگل کی رہائش گاہ کے قریب دھماکے، شدید فائرنگ کی اطلاعات

خضدار (آن لائن) خضدار میں میر شفیق مینگل کی رہائش گاہ کے قریب دھماکے، شدید فائرنگ کی اطلاعات خضدار شہر میں معروف قبائلی و سیاسی شخصیت میر شفیق (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

مجھے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملنے نہیں دیا جا رہا ہے، سراج احمد

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے رہائشی سراج احمد نے کہا ہے کہ میرا ذاتی مسئلہ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے بیان کرنا چاہتا ہوں میں نے سی ایم سیکرٹریٹ کے کئی چکر لگائے لیکن ان سے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

سٹی ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی کامیاب کارروائیاں، 13 سالہ مغویہ بحفاظت بازیاب

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) سٹی ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی کامیاب کارروائیاں، 13 سالہ مغویہ بحفاظت بازیاب، چوری شدہ موٹر سائیکل اور ماسٹر چابی برآمد، دو ملزمان گرفتار پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد رینج اور ایس ایس پی ضلع نصیر آباد کی خصوصی ہدایا (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو ڈاکٹر علاؤ دین اچکزئی کتاب پیش کر رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع کوہلو اور گردونواح میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو اور گردونواح میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث موسم خوشگوار ہو گیا جبکہ گرمی کی شدت میں نمایاں کمی آ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسلسل بارش کے باعث مختلف ندی نالوں میں طغیانی آ گئی ہے اور کئی نشیبی علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

عوام کے ایشوز پر کھل کر کوئی نہیں بھولے گا، ایچ ڈی پی

پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں زیارت سانحہ کے دوران اغوا ہونے والے پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ روز مسلح حملہ آوروں نے جس بربریت اور دہشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے کئی پولیس اہلکاروں کو شہید کر کے بڑی تعداد میں دیگر اہلکاروں کو اغوا کر کے لے گئے تھے جنہیں اس دوران شہید کر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ناکامی کا پیغام دیا گیا دراین اثنا پارٹی کے ایک وفد نے نائب چیئرمین مرزا حسین ہزارہ کی قیادت میں ہنہ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

بڑھتی ہوئی دہشت گردی انتہائی تشویشناک ہے، غفار کاکڑ

زیارت کچ میں 15 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات غفار خان کاکڑ نے زیارت میں دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں 15 بہادر پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اندوہناک سانحہ پوری قوم کے لیے باعث صدمہ ہے۔ وطن کے دفاع، امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا پوری قوم کا فخر ہیں، جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ٹرمپ اور اردوان کی ملاقات، ٹرمپ کے 5 دعوے جھوٹے نکلے

انقرہ (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے منگل کے روز نیٹو اجلاس سے قبل ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

بلوچستان جل رہا ہے لیکن حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں، یوسف خلجی

صوبائی حکومت دہشت گردوں کے سامنے بے بس نظر آ رہی ہے، سربراہ امن جرگہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان جل رہا ہے لیکن حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں جہاں معدنیات ہیں وہاں دہشت گردوں کے حملے سمجھ سے بالاتر ہیں؟ سیاسی و مذہبی جماعتوں، قبائلی مشران نے اگر صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کو روکنے کیلئے اپنا کردار ادا نہ کیا تو آنے والے دنوں میں بلوچستان میں کوئی بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اسوقت پورے صوبے میں حالات انتہائی خراب ہو چکے ہیں عوام کا جان و مال محفوظ نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

انجمن تاجران ژوب کی کال پر ضلع ژوب میں ظالمانہ ٹیکسوں کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی

ژوب (ان لائن) انجمن تاجران ژوب کی کال پر ضلع ژوب میں ظالمانہ ٹیکسوں کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ژوب شہر میں ظالمانہ ٹیکسوں کے خلاف مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ شہر بھر میں تمام کاروباری مراکز، مارکیٹیں، میڈیکل اسٹورز، شاپنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

چمن، عوامی پارک اور لینڈ فل سائٹ کی منتقلی سے متعلق اجلاس

تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے اقدامات جاری رکھیں گے، خطاب

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد ہنگورئی کی زیر صدارت بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات پر عوامی پارک اور لینڈ فل سائٹ کی منتقلی سے متعلق اجلاس منعقد کیا گیا ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد ہنگورئی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں عوامی پارک اور لینڈ فل سائٹ کی منتقلی سے متعلق مختلف تجاویز اور امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران، قبائلی عمائدین، منتخب نمائندوں اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ شرکاء نے عوامی مفاد کو مدنظر (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ژوب، پولیس نے لاپتہ لڑکی بازیاب کرالی

ژوب (آن لائن) پولیس نے لاپتہ لڑکی بازیاب کرالی۔ گزشتہ روز نئی آبادی کے علاقے سے سدرا نام کی 8 سالہ لڑکی لاپتہ ہو گئی تھی جسکی بہت تلاش جاری تھی گزشتہ شب لڑکی کے ہمسایہ کے گھر کے کچن میں ایک کھڈے سے پولیس کے اہلکاروں نے سدرا کو بازیاب کرالی۔ صدر (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

پورا بلوچستان دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

امن و امان کے قیام میں مسلسل ناکامی ریاستی ذمہ داری پر سنگین سوالیہ نشان ہے

پولیس اور لیویز کے اہلکار بھی اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرتے کرتے تھک چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت بارود کے ڈھیر پر کھڑا جبکہ نہتے اور بے گناہ عوام دہشت گردی کا مسلسل شکار ہیں۔ عوام کو تحفظ فراہم کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ پولیس اور لیویز کے اہلکار بھی اپنی جانوں کا نذرانے پیش کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں صحت، تعلیم اور عوامی رسائی کے شعبوں میں تاریخی اقدامات کیے، عبدالغفور جعفر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی لورالائی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری عبدالغفور جعفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مشکل حالات کے باوجود صوبے میں صحت، تعلیم اور عوامی فلاح کے شعبوں میں نمایاں اقدامات کر کے تبدیلی کی نئی مثال قائم کی ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا (Old RHC) اور ایم سی ایچ کا دورہ

کولڈ چین کے تمام اصولوں پر سختی سے عمل کیا جائے، ویکسین کا ریکارڈ درست رکھا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی نے (Old RHC) اور ایم سی ایچ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات اور مراکز میں جاری خدمات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا اور عوام کو معیاری، بروقت اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ دورے کے دوران ای پی آئی (EPI) سائٹ کا بھی معائنہ کیا گیا، جہاں آئی ایل آر (ILR) کی مینٹیننس، کولڈ چین سسٹم، ویکسین کے محفوظ ذخیرے، اسٹاک رجسٹر اور دستیاب و (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

پاکستان ریلویز کا 115 ارب روپے آمدن کا سنگ میل قابلِ تحسین، دیگر سرکاری اداروں کیلئے عملی مثال ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

واضح حکمت عملی اور ٹیم ورک سے کارکردگی میں نمایاں تبدیلی لائی جا سکتی ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کامیابی کسی ایک فرد کا کارنامہ نہیں بلکہ گینگ مین، ورکروں، انجینئرز، تکنیکی عملے، افسران اور انتظامیہ سمیت پوری ٹیم کی مشترکہ محنت کا نتیجہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کی 78 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ پاکستان ریلویز کا مالی سال 26-2025 کے دوران 115 ارب روپے سے زائد آمدن کا سنگ میل عبور کرنا انتہائی حوصلہ افزا اور باعث اطمینان ہے۔ یہ کامیابی محکمہ ریلوے کی انتھک محنت، مثر انتظامی حکمت عملی اور پوری ٹیم کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

اے ڈی سی لسبیلہ کی زیر صدارت ای پی آئی ٹاسک فورس کمیٹی کا اجلاس

انہوں نے ٹیموں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوامی شعور بیدار کرنے پر بھی زور دیا

لسبیلہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ای پی آئی (EPI) ٹاسک فورس کمیٹی کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں بچوں کی حفاظتی ٹیکہ جات (ویکسینیشن) کی صورتحال اور کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر قمبرو ٹھہو، ایم ایس DHQ ہسپتال اوتھل (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

اویس جدون نے سال 27/2026 کیلئے ہیروز آف ہزارہ نیشنل سول ایوارڈ کمیٹی ممبران کے ناموں کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان انٹرنیشنل